**کے۔ الیکٹرک کے پہلے 11/7+ انوویشن چیلنج کے فاتحین کا اعلان**

کراچی، 25 نومبر، 2022: کے۔ الیکٹرک نے INNOVentures Global کے اشتراک سے حبیب یونیورسٹی کراچی میں منعقدہ پہلے 11/7+ چیلنج کے فاتحین کا اعلان کردیا ہے۔

کے۔ الیکٹرک کا 11/7+ انوویشن چیلنج پاکستان کے یوٹیلیٹی شعبے میں اپنی نوعیت کی پہلی تقریب ہے، جسے کاروباری افراد، اسٹارٹ اَپس، محققین اور یونیورسٹی کے طلباء کے لیے اسٹریٹجک جدت طرازی کو فروغ دینے اور اس میں تیزی لانے کے لیے ڈیزائن کیا گیا ہے۔ شرکاء نے دن کے پہلے نصف حصہ میں معزز جیوری کو اپنے آئیڈیا کا مرکزی خیال پیش کیا، جس کے بعد دوسرے نصف حصے میں پینل ڈسکشن اور ایوارڈ کا اعلان کیا گیا۔ چیئرمین نیپرا توصیف ایچ فاروقی نے بطور مہمان خصوصی تقریب میں شرکت کی۔

انوویشن چیلنج اقوام متحدہ کے پائیدار ترقی کے اہداف (یو این ایس ڈی جی) کے ساتھ منسلک ہے، خاص طور پر ہدف 7- سب کے لیے سستی، قابل بھروسہ، پائیدار اور جدید توانائی تک رسائی اور ہدف11- پائیدار، جامع، محفوظ اور مستحکم شہر اور کمیونٹیز کی تشکیل ۔

کے۔ الیکٹرک کا مقصد عوام میں مسائل کے حل اور تعمیری سوچ کی اہمیت کو اجاگر کرنا اور پاکستان میں پائیداری اور جدت کے لیے کام کرنے والے اداروں اور افراد کو اپنی صلاحیتیں نمایاں کرنے کیلئے پلیٹ فارم فراہم کرنا ہے۔

مختلف تعلیمی پس منظر سے تعلق رکھنے والے شرکاء نے ٹیموں کی شکل میں اس انوویشن چیلنج میں حصہ لیا، جس کا آغاز فروری 2022 میں ہوا تھا۔ شرکاء نے اپنے آئیڈیا کا مرکزی خیال پیش کیا، صلاحیت سازی کے سیشنز میں شرکت کی اور بہتری کے لیے توجہ کے حامل مراحل سے گزرے۔ اس سفر کا آغاز متعدد اسٹارٹ اَپس، یونیورسٹیوں اور مطالعہ کے متعلقہ شعبوں سے تعلق رکھنے والی 300 سے زائد درخواستوں کے ساتھ ہوا، جن میں سے 10 ٹیموں نے فائنل میں جگہ بنائی۔

شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے نیشنل الیکٹرک پاور ریگولیٹری اتھارٹی (نیپرا) کے چیئرمین توصیف ایچ فاروقی نے کہا کہ ایک ریگولیٹر کے طور پر ہم پر معاشرے کے ہر طبقے کو سستی، قابل رسائی اور قابل اعتماد توانائی کی فراہمی کی بہت بڑی ذمہ داری ہے۔ ہمیں مسلسل جدت اور ترقی کے ذریعے کمیونٹیز کی مدد کرنی چاہیے۔ Power with Safety ،Power with Equality ،Power with Security اورPower with Unity منصوبوں کے تحت ہم نے پاکستان کے سماجی و اقتصادی منظرنامے کو یو این ایس ڈی جی کے ساتھ منسلک کردیا ہے، جس نے 21 ملین سے زائد زندگیوں پر مثبت اثر ڈالا ہے اور diversity and inclusion اور 41,000 سے زائد ملازمتوں کے مواقع پیدا ہوئے ہیں۔ اس کے ساتھ کام کی جگہ کی حفاظت، تحفظ کو فروغ دیا گیا ہے۔ مثبت تبدیلی کے لیے جدت طرازی ضروری ہے اور ہمیں ایک بہتر اور روشن مستقبل کے لیے کوشش جاری رکھنی چاہیے۔ توصیف فاروقی نے اس بات کو اجاگر کیا کہ کس طرح پاکستان کی واحد عمودی طور پر مربوط پاور ڈسٹری بیوشن کمپنی کے۔ الیکٹرک بہترین طریقوں کے ذریعے نچلی سطح پر کام کرکے مثبت اثر مرتب کررہی ہے، جو پاور سیکٹر کے لیے ایک رول ماڈل ہے۔

کے۔ الیکٹرک کے چیف ایگزیکٹو آفیسر (سی ای او) سید مونس عبداللہ علوی نے کہا کہ کے۔ الیکٹرک پاکستان کی جدید ترین یوٹیلیٹی کمپنیوں میں سے ایک ہے، جس نے نجکاری کے بعد سرمایہ کاری اور انفرااسٹرکچر کی آٹومیشن کے ذریعے اپنی

کارکردگی کو خاطر خواہ بہتر بنایا ہے۔ اس عظیم شہر سے گہرے تعلق کی وجہ سے کے۔ الیکٹرک کراچی کی پائیدار اور جدید ترقی میں مثبت کردار ادا کر رہی ہے۔ کے۔ الیکٹرک کے 11/7+ انوویشن چیلنج کے ذریعے ہمارا مقصد آپریشنل مہارت، صارفین کے تجربے کو بہتر بنانا اور مستقبل میں شہر کی پائیدار ترقی اور صارفین کو معیاری خدمات کی فراہمی کے لے اپنی سپلائی چین اور لاجسٹکس کو بہتر بنانا ہے۔

انوویشن چیلنج کی جیوری پاکستانی انوویشن ایکولوجی کی متحرک شخصیات پر مشتمل تھی، جس میں فرحان انور، اسسٹنٹ پروفیسر آف پریکٹس، سوشل ڈیولپمنٹ اینڈ پالیس، حبیب یونیورسٹی، سحر عباس۔ شریک چیئر کراچی حب ویمن اِن انرجی اینڈ آئی وینچرز SEED ایف سی، شیخ عمران الحق۔ توانائی کے ماہر، شہریار حیدری۔ ایم پی دیوسائی وینچرز، شائستہ عائشہ۔ سی ای او شامل تھے۔ جیوری نے سرفہرست 10 فائنلسٹ کا انتخاب کیا، جس میں اپنی الیکٹرک Neem Financials اور نعیم زمیندار۔ بانی بائیک کے ساتھ ایز بائیک، پائیدار انرجی پلان کے ساتھ ایزگیزر، میٹر ریڈنگ ریٹروفٹ کے ساتھ لوراوان، انسولیٹر ڈیزائن کے ، ای وی چارجنگ اسٹیشنز OptimaLoad ساتھ ناول انسولیٹر، لوڈ کی پیشین گوئی اور توازن رکھنے والے ٹرانسفارمر کے ساتھ ، پاور ڈسٹری بیوشن میں بہتری کے ساتھ جی آئی ایس پر مبنی ایسٹس، ہیلتھ مانیٹرنگ ٹرانسفارمر کے ساتھ Orko کے ساتھ اور جغرافیائی حل کے لیے ڈرون Thingsty اسمارٹ ٹرانسفارمر ہیلتھ، اسمارٹ ہومز کے لیے آئی او ٹی ایپلی کیشنز کے ساتھ شامل ہیں۔ مجموعی طور پر 3 ملین روپے کے نقد انعام میں سے انوویشن چیلنج کے فاتح کو 1.5 Vtol Dynamics کے ساتھ ملین، جب کہ فرسٹ اور سیکنڈ رنرز اَپ کو 7.5، 7.5 لاکھ روپے دیے گئے۔

کی انرجی انفارمیٹکس کمپنی اپنے ڈیٹا اینالیٹکس پر مبنی پیشن گوئی کے ماڈل کے LUMS ایک سخت اور مسابقتی سفر کے بعد کو NUST PNECکی الیکٹرک بائیک اور چارجنگ انفرااسٹرکچر کو فرسٹ رنرز اَپ اورezBike لیے فاتح قرار پائی، جب کہ پر مبنی میٹر ریٹروفٹ ٹیکنالوجی جو روایتی بجلی کے میٹروں پر اسمارٹ ٹیکنالوجی کو شامل کرنے کی صلاحیت LoRaWan رکھتی ہے کے لیے سیکنڈ رنرز اَپ قرار دیا گیا۔

کے۔ الیکٹرک کی چیف اسٹریٹیجی آفیسر ناز خان نے کہا کہ کے۔ الیکٹرک 11/7+ انوویشن چیلنج صرف کارپوریٹ سماجی ذمہ داری کے طور پر نہیں بلکہ جدت طرازی کو ایک اسٹریٹجک ترجیح کے طور پر اپنانے کا اقدام ہے۔ کے۔ الیکٹرک میں ہمیں یقین ہے کہ ابھرتی ہوئی یوٹیلیٹیز کے منظرنامے سی ٹی بی سی ایم کے بعد ہماری طرح کے اداروں کو ادارتی حدود اور علمی بنیادوں سے آگے بڑھ کر معاشرے کے مفاد کے بہترین آئیڈیاز کو عملی جامہ پہنانا چاہیے۔ انوویشن چیلنج نے صرف ہمیں اس قابل بنایا ہے کہ ہم اسٹارٹ اَپس، یونیورسٹیوں اور اکیڈمی کے کچھ انتہائی باصلاحیت افراد کے ساتھ مل کر ایسے جدید حل تیار کریں جو بلاشبہ کے۔ الیکٹرک اور کراچی دونوں کی ترقی میں مثبت کردار ادا کریں گے۔

نے اس نئی جدت طرازی کی کوشش کو سراہتے ہوئے کہا کہ INNOVentures Global ڈاکٹر اطہر اسامہ۔ منیجنگ پارٹنر مجھے خوشی ہے کہ کے۔ الیکٹرک اس پلیٹ فارم کو قائم کرنے میں کامیاب ہوا۔ اور یہ تسلیم کرنے میں کوئی عار نہیں کہ یہ ترقی یافتہ سماجی ڈھانچے کی جانب منتقلی کا بہترین راستہ ہے۔

**کے الیکٹرک کا تعارف**

کے۔ الیکٹرک ایک پبلک لسٹڈ کمپنی ہے، جس کا قیام پاکستان بننے سے قبل 1913 میں کے ای ایس سی کے طور پر عمل میں آیا۔ 2005 میں کمپنی کی نجکاری کی گئی۔ کے۔ الیکٹرک پاکستان کی واحد عمودی طور پر مربوط یوٹیلیٹی ہے، جو کراچی اور اس کے ملحقہ علاقوں سمیت 6500 مربع کلومیٹر علاقے کو بجلی فراہم کرتی ہے۔ کمپنی کے 66.4 فیصد حصص پاکستان اسٹاک ایکسچینج (پی ایس ایکس) میں لسٹڈ ہیں اور کے ای ایس پاور کی ملکیت ہیں۔ یہ سرمایہ کاروں کا ایک کنسورشیم ہے، جس میں سعودی عرب کی الجومعہ پاور لمیٹڈ، کویت کا نیشنل انڈسٹریز گروپ (ہولڈنگ) اور انفرا اسٹرکچر اینڈ گروتھ کیپٹل فنڈ (آئی جی سی ایف) شامل ہیں۔ کے۔ الیکٹرک میں حکومت پاکستان کے بھی 24.36 فیصد حصص ہیں۔